Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ صفر سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۸ء | جلد ۲۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible] ٹیکس گاشی و جبلی و شید وغیرہ	۱ و ۲
۲	منظوری نکاح خوانی اہل خاندان سنی المذہب بہ شیعہ ... صاحب	۳
۳	رخصت ناظر عدالت ججی	"
۴	نقشہ برخاستہ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۸ء

رپورٹ منظور ہے - بواپسی اطلاع دیجائے

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض | میر سائنہ

جناب عالی

بملاحظہ تحریر میونسپل افسر صاحب واضح ہوا کہ من ابتدائے جنوری سنہ ۱۹۱۸ء ولغایت

دسمبر ۱۹۱۷ء ۱۲۳۲ گاڑیونکا ٹکس بشرح فی گاڑی دو روپیہ سالانہ اور ۲۲ بہیلیونکا ٹکس شرح فی بہلی ایک روپیہ سالانہ اور ۴۵ شیلونکا ٹکس بشرح فی شیلہ ۴ سالانہ وصول ہوا ہے۔

انگریزی مین گاڑیون وغیرہ پر شرح معروضۂ بالا سے زائد ٹکس مقرر ہے اور یہ لوگ مزدوری زائد کرتے ہین اور پہلے سے کرایہ بھی زائد لیتے ہین۔ ایسی حالت مین جان نثار کی رائے مین گاڑی کا ٹکس فی گاڑی بجائے دو روپیہ کے للعہ سالانہ۔ اور بہلی کا ٹکس فی بہلی بجائے ایک روپیہ کے ایک روپیہ آٹھ آنے سالانہ۔ اور شیلہ کا ٹکس فی شیلہ بجائے ۴ کے آٹھ آنے سالانہ مقرر ہونا چاہیے۔ گاڑیون کی کوئی تعداد مقرر نہین ہے

جس سال مزدوری زائد ہوتی ہے گاڑیان زائد ہوتی ہین۔ اور جس سال مزدوری کم ہوتی ہے اُس سال کم ہوتی ہین۔ اور اکثر دیہات کی گاڑیان بھی شہر مین مزدوری کرتی ہین اور کنکر وغیرہ ڈھوتی ہین اور مزدوری کرنے کے بعد دیہات کو واپس چلی جاتی ہین۔ ایسی صورت مین جو گاڑیان کہ دیہات کی حدود میونسپلٹی مین مزدوری کرین بشرط کرنے مزدوری اندرون حدود میونسپلٹی بشرح معروضۂ بالا اُنپر بھی ٹکس مقرر ہونا چاہیے۔ لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون مین پیش کیجاتی ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۶ نومبر ۱۹۱۸ء

بنظر مناسب منظور کیا جاتا ہے کہ سنی المذہب اہل خاندان کی نکاح خوانی کا کام سید حامد شاہ صاحب خلف سید محمد شاہ صاحب محدث انجام دیا کرین۔

لہذا حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ اکتوبر ۱۹۱۸ء

حسب تحریر انچارج صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر رخصت مزید پندرہ یوم اصغر حسین ناظر عدالت ججی منظور کی گئی۔ کام کا انتظام حسب رائے صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر بدستور رہیگا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ۳ لغایت ۹ نومبر ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۵ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۵ ار		۵ ار	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰۵ ار	۶ ار	۶ ار	۱۴ ار		۶ ار	
نخود کتہ آمیز	۰۰۰	۰۶ ار	۰۶ ار	۰۶ ار		۶ ار	
کتہ	۱۲ ار	۰	۷ ار	۷ ار		۰۶ ار	
ماش	۱۳ ار	۴ ار	۴ ار	۴ ار		۰۳ ار	
مونگ	۱۲ ار	۳ ار	۳ ار	۰		۳ ار	
مکا	۱۲ ار	۰۶ ار	۱۳ ار	۰۷ ار		۷ ار	
جئی	۶ ار	۰	۰	۰		۹ ار	
گوجئی	۰۶ ار	۰	۰	۰		۷ ار	
عدس	۰۵ ار	۰	۶ ار	۰		۰	
ارہر	۷ ار	۶ ار	۱۲ ار	۰		۹ ار	
برنج	۱۳ ار	۰۴ ار	۴ و ۱۴ ار	۴ ار		۰۴ ار	
روغن زرد	۱۰ ار	۰۱۱ ار	۰۱۱ ار	۱۰ ار		۰۱۱ ار	
روغن سیاہ	لعہ ۱۱ ار	لعہ ار	لعہ ار	لعہ ار		لعہ ار	
روغن گنجید	۲ ار	۱ ار	۱ ار	۰		۱ ار	
نمک سانبھر	۸ ار	۱۱ ار	۹ ار	۸ ار		۸ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۱۰ ار	۰۶ ار	۶ ار		۹ ار	
قند سیاہ	۶ ار	۶ ار	۰۶ ار	۶ ار		۶ ار	
باجرہ	۶ ار	۵ ار	۰	۶ ار		۰	